اذان واقامت کہتے ہوئے ادھرادھر دیکھنا

مجیب: مولانامحمدسعیدعطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-1940

تاریخ اجراء:12صفرالمظفر1445ھ/30اگست2023ء

دارالافتاءاہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کچھ مؤذن اذان اور اقامت کے وقت ادھر ادھر دیکھ رہے ہوتے ہیں اس کا کیا حکم ہے؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

اذان واقامت کہنے والے کے لیے سنت یہ ہے کہ اس کا منہ اور سینہ قبلہ رخ ہو اور حی علی الصلاۃ سیدھی طرف منہ کر کے کہے اور حی علی الفلاح اُلٹی طرف منہ کر کے کہے۔اس کے علاوہ بغیر منہ پھیرے صرف آنکھیں پھرا کر اِدھر اُدھر دیکھنے میں حرج نہیں۔

اذان واقامت میں قبلہ رو ہونا سنت ہے۔بحر الرائق میں ہے:”(ويستقبل بهما القبلة) أي بالاذان والاقامة لفعل الملك النازل من السماء وللتوارث عن بلال، ولو ترك الاستقبال جاز لحصول المقصود ويكره لمخالفة السنة. كذا في الهداية. والظاهر أنها كراهة تنزيه لما في المحيط: وإذا انتهى إلى الصلاة والفلاح حول وجهه يمنة ويسرة ولا يحول قدميه لانه في حالة الذكر والثناء على الله تعالى والشهادة له بالوحدانية ولنبيه بالرسالة فالاحسن أن يكون مستقبلا، فأما الصلاة والفلاح دعاء إلى الصلاة وأحسن أحوال الداعي أن يكون مقبلا على المدعوين“ترجمہ:اور اذان واقامت کے دوران رخ قبلہ کی طرف کرنا کہ آسمان سے نازل ہونے والے فرشتے کا یہی طرز تھا اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے یہی طریقہ متوارث چلا آرہاہے۔اور اگر کوئی قبلہ کی طرف رخ نہ کرے تو بھی چونکہ اذان کا مقصد (اس کے بغیر بھی) حاصل ہو جاتا ہے اس لیے جائز ہے لیکن سنت کی مخالفت کی وجہ سے مکروہ ہے، ہدایہ میں اسی طرح ہے، اور ظاہر یہی ہے کہ مکروہ تنزیہی ہے کیونکہ محیط میں ہے جب حی علی الصلاۃ والفلاح تک پہنچے تو اپنا چہرہ دائیں بائیں جانب پھیرے، ہاں اپنے قدموں کو نہ ہلائے کہ وہ اللہ کے ذکر وثناء‘ اس کی وحدانیت اور نبی کریم علیہ السلام کی نبوت کی شہادت دینے

کی حالت میں ہے تو قبلہ رخ ہونا ہی احسن ہے، رہا حی علی الصلاۃ اور حی علی الفلاح تو چونکہ وہ نماز کی دعوت ہے اور دعوت دینے والے کی بہتر حالت یہ ہے کہ وہ جنہیں دعوت دے رہا ہے، ان کی طرف رخ کرے۔(بحرالرائق، ج1، ص449، دارالکتب العلمیۃ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net